# 22-02-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بی سی قائدین سے خواہش کی کہ وہ ریاست میں بی سی مردم شماری کے خلاف مہم سے دستبردار ہوجائیں۔

۲۔تلنگانہ کے ضلع نلگنڈہ میں ایس ایل بی سی سرنگ کا ایک حصہ ہفتہ کی صبح منہدم ہوگیا۔

۳۔دوسرے مرحلہ کی توسیع کے حصہ کے طور پرنا گول تا راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ مجوزہ روٹ کا حیدرآباد میٹرو ریل لمیٹڈ نے آج اعلان کیا۔

اور

۴۔وزیراعظم نریندرمودی اس اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک و بیرون ملک کے عوام سے خطاب کریں گے۔

## VIGYAN MELA

پوسا کریشی کسان میلہ کا آغاز نئی دہلی میں آج ہوا۔تین روزہ میلہ کا موضوع اُنت کریشی۔وکست بھارت دیا گیا ہے۔مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے اس کا افتتاح کیا۔اس موقع پرخطاب کرتے ہوئے چوہان نے کہا کہ کسانوں اورزراعت کے بغیر ترقی پذیر ہندوستان کا حصول ممکن نہیں ہے۔انڈین اگری کلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے تیارکردہ انتہائی جدید ترین اقسام اورٹکنا لوجیز جاریہ سال توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔اس نمائش کو دیکھنے والوں کے لئے حوصلہ افزا ٹکنالوجیز، پراڈکٹس اور انڈین اگری کلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کی تحقیق کو دکھانے والی نمائش کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کیا جارہا ہے۔

## RAMZAN

اب جبکہ ماہ رمضان المبارک کے آغاز کے لئے ایک ہفتہ رہ گیا ہے، حیدرآباد بھرمیں رسٹورنٹس کی جانب سے حلیم کی بھٹیوں کی تیاری کا کام کیا جارہا ہے۔اس ماہ مقدس میں حلیم کی طلب میں اضافہ ہوجاتا ہے جو اپنی مذہبی اورثقافتی شناخت سے بالاتر ہوکر اس لذیذ ڈش سے استفادہ کرتے ہیں۔اس کی تیاری کیلئے گوشت کے ساتھ ساتھ دیگر مصالحہ جات کا استعمال کیا جاتا ہے۔آن لائن اورآف لائن بھی حلیم کے آرڈرس قبول کئے جاتے ہیں۔

## CHICKEN MELAS

حیدرآباد کے عوام میں برڈ فلو کے خدشات کو دور کرنے کیلئے بیشتر فری فوڈ میلوں کا اہتمام کیا گیا جس میں چکن اور انڈوں سے تیارڈشس کی تقسیم کرتے ہوئے چکن کے استعمال کے سلسلہ میں پائے جانے والے خدشات کو دور کیا گیا۔ ہزاروں افراد نے حیدرآباد کے مختلف مقامات پر ایسے میلوں میں شرکت کی اور چکن کا استعمال کیا۔ آندھراپردیش اور تلنگانہ کے ایک حصہ میں برڈ فلو کے واقعات کے بعد چکن کے استعمال میں کمی آ گئی تھی اور انڈوں کی قیمتوں میں کمی ہوگئی۔ پولٹری بریڈرس کوارڈی نیشن اسوسی ایشن کی جانب سے منعقدہ ان میلوں کا مقصد پکے ہوئے چکن کے بارے میں عوام میں شعور بیدار کرنا ہے۔

## CPI

سی پی آئی نے کریم نگر۔ نظام آباد۔ عادل آباد گریجویٹس حلقہ کے انتخابات میں کانگریس امیدوار کی حمایت کا اعلان کیا۔ سی پی آئی کے رکن اسمبلی کے سامبا سیوا راو نے حیدرآباد میں یہ بات بتائی۔ انہوں نے اس حلقہ کے گریجویٹس سے اپیل کی کہ وہ کانگریس امیدوار کی حمایت کریں۔ انہوں نے کہا کہ پی سی سی صدر اور وزیر اعلی نے اس تائید کی خواہش کی اور سی پی آئی نے دونوں جماعتوں کے درمیان دوستانہ تعلقات کے پیش نظر کانگریس امیدوار وی نریندر ریڈی کی تائید کا فیصلہ کیا۔

## THUMMALA

تلنگانہ کے وزیر زراعت ٹی ناگیشور راو نے امید ظاہر کی کہ تلنگانہ ریاست کو اس طرح کی سطح تک ترقی کرنی چاہئے کہ وہ پورے ملک کے لئے آئیل سیڈس فراہم کرے۔ وزیر موصوف نے ونپرتی ضلع میں مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا۔ انہوں نے سنکی ریڈی پلی گاوں میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے تجویز پیش کی کہ آئیل فارم کسانوں کو چاہئے کہ وہ ریاستی حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی سبسڈیز سے فائدہ اٹھائیں تاکہ ضلع کو آئیل پام کی کاشت میں سرفہرست بنایا جاسکے۔ انہوں نے سنکی ریڈی پلی گاوں کے نواحی علاقہ کے تانڈہ میں آئیل پام کے شعبہ میں مزید ملازمت کے مواقع پیدا کرنے کے اقدامات کرنے کا وعدہ کیا۔

## MANN KI BAAT

وزیراعظم نریندر مودی اس اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک و بیرون ملک کے عوام سے خطاب کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 119 واں اپی سوڈ رہے گا۔ آکاش وانی، دوردرشن، اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔

## BOY

شہر حیدر آباد کے مانصاحب ٹینک علاقہ میں لفٹ میں پھنس جانے کے سبب خوفناک لمحات گذارنے والے 6 سالہ لڑکے کی اسپتال میں موت ہوگئی۔ارنو نامی لڑکا لفٹ کے دروازے اور دیوار کے درمیان فاصلہ میں پھسل کر گر گیا تھا۔ یہ واقعہ کل شام اُس وقت پیش آیا تھا جب وہ شانتی نگر مانصاحب ٹینک کے رہائشی اپارٹمنٹ کی لفٹ میں داخل ہورہا تھا۔پولیس اور فائر بریگیڈ کے ساتھ ساتھ جی ایچ ایم سی کی ڈیزاسٹر رسپانس کی ٹیم فوری طور پر وہاں پہنچ گئی۔کافی جدوجہد کے بعد اس لڑکے کو نکالنے میں کامیابی حاصل کی گئی تھی۔ یہ لڑکا پریشانی کی وجہ سے بے ہوش ہوگیا تھا۔اس کو علاج کے لئے دواخانہ منتقل کیا گیا تھا تاہم اس کو بچانے ڈاکٹرس کی کوششیں رائیگاں ثابت ہوئیں۔

## JOBS

حکومت نے ریاستی محکمہ بہبودی خواتین واطفال میں تقررات کو منظوری دے دی ہے۔ریاستی وزیر سیتکا نے 399 آنگن واڑی ٹیچرس اور 7837 ہلپرس کے عہدوں کو پُر کرنے کی فائل پر دستخط کئے۔ایم ایل سی انتخابات کے کوڈ کے بعد 14,236 ملازمتوں کو پُر کرنے کا اعلامیہ جاری کیا جائے گا۔

## KTR

بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راو نے ریاست کے مالی موقف پر جھوٹی اطلاعات پھیلانے کا ریاستی حکومت پر الزام لگایا۔انہوں نے حیدر آباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ جی ڈی پی میں گذشتہ ایک دہے کے دوران 5.1 فیصد کا اضافہ ہوا ہے اور فی کس آمدنی میں بھی اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ کالیشورم جیسے پراجکٹ نے زرعی توسیع میں مدد کی۔انہوں نے نشاندہی کی کہ آمدنی کے وسائل پیدا کرنے کے معاملہ میں تلنگانہ ملک میں پہلے نمبر پر ہوگئی ہے۔اس بات کا اظہار آر بی آئی کی رپورٹ میں کیا گیا ہے۔

## APPSC

اے پی پی ایس سی نے گروپ 2 امتحان کو ملتوی کردیا ہے جو کل ہونے والا تھا۔روسٹر سسٹم کیس کے ہائی کورٹ میں زیر التو ہونے کی وجہ سے اس امتحان کو ملتوی کردیا گیا۔عدالت 11 مارچ کو اس معاملہ کی سماعت کرے گی۔

COTTON:

منچریال ڈسٹرکٹ مارکیٹنگ آفیسر محمد شہاب الدین نے کہا ہے کہ سی سی آئی سنٹرس کے ذریعہ کسانوں سے کپاس کی خریداری کا احیاء کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ خریداری جو آدھار او ٹی پی سرور میں تکنیکی مسائل کے سبب گزشتہ 10 دنوں سے رکی ہوئی تھی، کا آج سے احیاء کر دیا گیا۔

BC-MEETING:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بی سی قائدین سے خواہش کی کہ وہ ریاست میں بی سی مردم شماری کے خلاف مہم سے دستبردار ہو جائیں۔ پرجا بھون میں بی سی قائدین کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے ان سے خواہش کی کہ ذاتوں کی مردم شماری کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کی جائے۔اس اجلاس ایک قرارداد منظور کرتے ہوئے آنے والے مردم شماری میں ذاتوں کی مردم شماری کو شامل کرنے مرکز پر زور دیا گیا۔انہوں نے ریاست بھر میں 10 مارچ تک سوشیل کمیونٹی کے اجلاس منعقد کرنے قراردادیں منظور کرنے کی خواہش کی۔ انہوں نے کہا کہ ذاتوں کی مردم شماری سے پتہ چلا کہ ریاست میں 56.33 فیصد بی سی طبقہ کے افراد ہیں، جبکہ گھر گھر سروے جو پیشرو حکومت نے کیا تھا میں پتہ چلا کہ ریاست میں 51 فیصد بی سی طبقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ذاتوں کی مردم شماری کی رپورٹ کمزور طبقات کے لئے بائبل، گیتا اور قرآن ہے۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے قبل ازیں کہا کہ تلنگانہ تحریک ریاست بن گئی ہے جس نے سائنٹفک انداز میں بی سی مردم شماری کی ہے۔انہوں نے کہا اس طبقہ کے عوامی نمائندوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ اس کے فوائد سے واقف کروائیں۔صدر پی سی سی مہیش کمار گوڑ، وزیر پونم پربھاکر، ارکان پارلیمنٹ، ارکان اسمبلی اور بیشتر بی سی تنظیموں کے قائدین نے اجلاس میں شرکت کی۔

TUNNEL:

تلنگانہ کے ضلع نلگنڈہ میں ایس ایل بی سی سرنگ کا ایک حصہ ہفتہ کی صبح منہدم ہو گیا۔خاص طور پر، بائیں طرف کی سرنگ کی چھت دھنس گئی، جس کے نتیجہ میں 13 افراد زخمی ہو گئے۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب مزدور سائٹ پر کام کر رہے تھے۔ سرنگ کی تعمیر صرف چار دن پہلے دوبارہ شروع ہوئی تھی۔اس واقعہ کے ساتھ ہی وہاں موجود مزدوروں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔اس واقعہ میں کسی موت کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔

BJP - CAMPAIGN:

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کریم نگر گریجویٹس و ٹیچرس قانون ساز کونسل کی نشست کے لئے بی جے پی امیدواروں کی تائید میں مہم چلائی۔ انہوں نے کہا کہ ایم ایل سی انتخابات کے نتائج سے ریاست میں بڑی سیاسی تبدیلی آئے گی۔ اسی دوران مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بودھن میں ٹیچرس ایم ایل سی کی مہم میں حصہ لیا۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت کو چاہئے کہ پہلے دوسروں کو مباحث کے لئے مدعو کرنے سے قبل اپنے وعدوں پورا کرے۔ نلگنڈہ۔ ورنگل۔ کھمم ٹیچرس ایم ایل سی مہم کے حصہ لے طور پر رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے ہنمکنڈہ میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ ریاست میں تین ایم ایل سی نشستوں پر بی جے پی کامیاب ہوگی۔

METRO

دوسرے مرحلہ کی توسیع کے حصہ کے طور پر ناگول تا راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ مجوزہ روٹ کا حیدرآباد میٹرو ریل لمیٹڈ نے آج اعلان کیا۔ حیدرآباد میٹرو ریل کا مجوزہ چوتھا کوریڈور 36.8 کلومیٹر ہوگا۔ اس کے 24 اسٹیشنس ہوں گے۔ حیدرآباد ایرپورٹ میٹرو کے لئے روٹ اور اسٹاپس کا آغاز ناگول اسٹیشن سے ہوگا جو حیدرآباد ایرپورٹ پہنچنے سے پہلے اہم اسٹیشنس بشمول کرمن گھاٹ، چندرائن گٹہ، آرام گھر اور شمس آباد کا احاطہ کرے گی۔

○○